SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
August 25, 2016

ایس ای سی پی نے غیر بینکی مائیکرو فنانسنگ انضباطی فریم ورک متعارف کروادیا۔

اسلام آباد، ۲۵ اگست، ۲۰۱۶: ایس ای سی پی نے مائیکرو فنانس کے شعبے کواپنے قواعد کے تحت لانے کے لئے غیر بینکاری مائیکرو فنانس انضباطی فریم ورک متعارف کروادیا ہےچیئرمین ایس ای سی پی ظفر حجازی نے کراچی میں ''کریڈٹ سکورنگ ماڈل'' کے موضوع پر ایک کانفرنس اور ''پاکستان مائیکرو فنانس ۲۰۱۵ کے جائزہ'' کے لانچ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ مذکورہ فریم ورک سٹیک ہولڈروں بشمول مائیکرو فنانس صنعت کے شرکا کے ساتھ تفصیلی مشاورت کے بعد متعارف کروایا گیااور مقصد شعبے کی تیز رفتار ترقی کے لئے روکاوٹوں کو دور کرتا ہے۔ انہوں نے کہاکہ اس فریم ورک کے تحت ایس ای سی پی کے ساتھ رجسٹر شدہ غیر منافع بخش تنظیمیں (این بی ایف سیز) غیر بینکاری مائیکرو فنانس کاروبار کے لائسنس کے لئے براہِ راست درخواست دے سکتی ہیں۔ جب کہ بطور پٹہ دار یا سرمایہ کاری مالیات کمپنی کام کرنے والی موجودہ موجودہ این بی ایف سیز بھی مذکورہ لائسنس حاصل کر سکتی ہیں۔ اس شعبہ سے منسلک اداروں کی سہولت اور نمو کے لئے غیر بینکاری مائیکرو فنانس کمپنیوں کے لئے مطلوباتِ سرمایہ کو کم سے کم سطح پر رکھا گیا ہے۔

Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan

ضوابط برائے غیر بینکاری مائیکرو فنانس کمپنیاں (این بی ایم ایف سی) کے متعارف کروانے سے، اس اہم ترین شعبہ کو بہتر انداز میں چلانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مائیکرو فنانس بینکوں کو پہلے کی طرح سٹیٹ بینک ہی منضبط کرے گا جب کہ اس شعبے کا بقیہ حصہ ایس ای سی پی کے ذریعے ضابطہ کار میں لایا جائے گا۔ انہوں نے شرکا کو بتایا کہ دو این بی ایم ایف سیز کو لائسنس جاری کئے جا چکے ہیں اور مزید ۱۱ ایسی درخواستیں مختلف مراحل پر زیرِ غور ہیں۔ ایس ای سی پی کے چیئرمین نے بتایا کہ چھ ارب تیس کروڑ روپے مالیت کی حامل پاکستان مائیکرو فنانس سرمایہ کاری کمپنی کو مالیاتی خدمات برائے سرمایہ کاری کے لئے لائسنس جاری کیا گیا ہے۔ یہ کمپنی اب مائیکرو فنانس اداروں کو ان کی سرمایہ کاری ضروریات پورا کرنے کے لئے سرمایہ فراہم کر سکے گی۔

Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan